مولانا حافظ محمد صدیق کھوکھر انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی اور پڑھی جائے گی کہ حافظ محمد صدیق کھوکھر سابق ناظم جامعہ تعلیم القرآن والحدیث للبنات (المعروف باجی ثریا والا مدرسہ) گلشن آباد گوجرانوالہ طویل علالت کے بعد ۲۸ فروری ۲۰۰۹ء کو گوجرانوالہ میں وفات پا گئے۔

مرحوم ایک صالح، متدین اور متحرک آدمی تھے۔ جامعہ تعلیم القرآن کے آغاز سے اس کے انتظام و انصرام میں مصروف تھے اور جامعہ کی تعمیر و ترقی میں انہوں نے بھرپور خدمات سرانجام دیں۔ کچھ عرصہ سے مختلف عوارض میں مبتلا تھے۔

ادارہ جامعہ سلفیہ، انتظامیہ، اساتذہ، طلباء نے مرحوم کی وفات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا اور لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی بلندی درجات کے لیے دعا کی گئی۔ اللہ تعالیٰ ان کی بشری لغزشوں کو درگزر کرتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

قاری فقیر اللہ مجاہد کو صدمہ

گذشتہ دنوں جماعت کے معروف نعت خواں قاری فقیر اللہ مجاہد خطیب جامعہ محمدیہ مانانوالہ کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحومہ نہایت صالحہ، عبادت گزار، صابرہ وشاکرہ خاتون تھیں۔ قارئین سے استدعا ہے کہ مرحومین کی بخشش اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا فرمائیں۔

ادارہ جامعہ سلفیہ قاری فقیر اللہ مجاہد و دیگر لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کرتا ہے۔